US Dept. of
Transportation

<u>فرد حقائق</u>

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات کے جواب، ان لوگوں کے ہوائی سفر کے بارے میں جو عرب، مشرق وسطیٰ، یا جنوبی ایشیائی نسل کے ہیں یا/اور اور/ یا مسلمان یا سکھ ہیں، یا اُن جیسے نعم آتے ہیں

۱۱ ستمبر کی دہشت گرد ہائی جیکنگ اور المناک حادثات کے بعد، فیڈرل ایوی ایشن ایڈمنسٹریشن نے ائر لائن چیک پوائنٹ، مسافروں کی اسکریننگ کے مقامات، اور بورڈنگ گیٹوں پر حفاظتی انتظامات کو مضبوط تر کرنے لئے ہدایات جاری کی ہیں۔ چونجاڈ پارٹمنٹ آف ٹرانسپورٹیشن (ڈپارٹمنٹ یا ڈی او ٹی) ۱۱ ستمبر کو واقع ہوئے خوفناک حملے کے پس منظر میں رسل و رسائل کے تحفظ کو مضبوط تر بنانے پر کام کر رہا ہے، ڈی او ٹی اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کر رہا ہے کہ وہ نئے حفاظتی قواعد افراد کے انسانی حقوق کو قائم، اور انہیں غیر قانونی امتیاز سے محفوظ رکھیں۔ ڈپارٹمنٹ عہد بند ہے کہ تمام لوگوں کو قانون کا یکسان تحفظ میسر ہو اور کسی بھی شخص کو ملک میں سفر کرنے کے دوران غیر قانونی امتیاز کا نشانہ نہ بننا پڑے۔ مختلف فیڈرل قوانین ہوائی سفر کرنے والوں کے ساتھ ان کی نسل، رنگ، مذہب، نژاد، یا قومی بنیاد پر امتیاز برتنے سے منع کرتے ہیں۔[۱]

۱۱ ستمبر ۲۰۰۱ کے دہشت گرد حملوں سے افراد کے عرب، مشرق وسطیٰ، یا جنوب مشرقی نسل کے اور/ یا مسلمان یا سکھ ہونے یا ایسا متصور ہونے کی بنا پر ان کے ساتھ خوف دہی، پریشانی اور تعصب برتے جانے کا اندیشہ پیدا ہوا ہے۔ یہ فرد حقائق معلومات فراہم کرتی ہے کہ بہتر بنائے گئے سیکورٹی قواعد کس طرح ہمارے ہوائی سفر کے نظم کو بہتر بناتے ہیں اور پھر بھی انسانی حقوق کے قوانین کی پوری تعمیل کرتے ہیں، اور اس کے لئے یہ مثالیں پیش کرتے ہیں کہ ائر لائن یا ائرپورٹ کے کارکن مسافروں کی چیکنگ اور اسکریننگ کے دوران کیا کر سکتے ہیں اور کیا نہیں کر سکتے ہیں۔ مندرجہ ذیل مثالیں حتمی نہیں ہیں، اور یہ صرف ان اکثر پوچھے جانے والے ان سوالات کے جواب فراہم کرتی ہیں جو ۱۱ ستمبر کے بعد سے ان لوگوں کے ہوائی سفر کے بارے میں پوچھے جاتے ہیں جو عرب، مشرق وسطیٰ، یا جنوب مشرقی نسل کے اور/ یا مسلمان یا سکھ ہیں یا ان جیسے نعم آتے ہیں۔

**سوال:** **کمرشل ائر لائنز پر سوار ہونے سے پہلے مجھے اپنے ساتھ رکھنے کی اشیأ کے بارے میں ڈی او ٹی/ ایف اے اے کی کن نئی حفاظتی پابندیوں سے باخبر ہونا چاہئے؟**

۱- دیکھیں، مثلاً، 49 U.S.C. §41702, 41310, اور 42 U.S.C. § 2000d وغیرہ

۲- کرپان نیام میں بند تلوار ہے جس کی لمبائی عموماً ۳-۴ کی انچ ہوتی ہے۔ یہ سکھ مذہب کے لوگوں کے لئے **ایک اصل** ایمان ہے جسے وہ تقریباً ہمیشہ اپنے پاس رکھتے ہیں۔ کچھ سکھ گلے کی مالاؤں میں بہت چھوٹے کرپان ڈال دیتے ہیں جو چاقو نہیں ہوتے ہیں۔ یہ چھوٹے کرپان ان کراسوں سے زیادہ خطرناک نہیں ہوتے ہیں جو بعض عیسائی پہنے رکھتے پہنتے ہیں اور انہیں چیک پوائنٹ سے آگے لے جانے کی اجازت ہے۔

- دیگر ہتھیاروں کے علاوہ، کسی بھی لمبائی، بناوٹ یا تعریف کے چاقو، بشمول کرپان[۲]، کا اسکریننگ چیک پوائنٹ سے آگے لے جانا منع ہے۔ چاقوؤں کو جانچ شدہ سامان میں رکھا جا سکتا ہے۔

**سوال: کمرشل ائرلائنز پر سوار ہونے کی صورت میں میرے حقوق کیا ہیں؟**

- جو لوگ عرب، مشرق وسطیٰ، یا جنوب مشرقی نسل کے اور/ یا مسلمان یا سکھ ہیں، ان کا حق ہے کہ ان کے ساتھ ویسا ہی احترام کا سلوک کیا جائے جیسا دوسری نسلوں یا مذاہب کے لوگوں ساتھ کیا جاتا ہے، اور جیسے لوگوں کے ساتھ شرافت، احترام اور دوستی کا برتاؤ کیا جانا چاہئے۔

- افراد کی ذات یا ان کے سامان کو اشخاص کو ان کے سامان کی بنا پر انسپکشن، تلاشی اور/ یا گرفتاری کا سامنا صرف اس بنا پر نہیں ہونا چاہئے کہ محض انہ صرف اس لئے نہیں بنایا جانا چاہئے کہ وہ یہ افراد عرب، مشرق وسطیٰ، یا جنوب مشرقی نسل کے اور/ یا مسلمان یا سکھ لگتے ہیں؛ یا صرف اس لئے کہ وہ عربی، فارسی، یا دوسری غیر ملکی زبان بولتے ہیں۔؛ یا صرف اس لئے کہ ان کے بولنے کا لہجہ ایسا ہے جس سے کسی کو گمان ہو سکتا ہے کہ وہ عرب، مشرق وسطیٰ، یا جنوب مشرقی نسل کے اور/ یا مسلمان یا سکھ ہیں۔

- افراد کو صرف ان کی ظاہری صورت یا کسی خاص قوم یا مذہب کی طرف منسوب لباس پہننے کی بنا پر ایزادی اسکریننگ کے لئے منتخب نہیں کرنا چاہئے۔ مثلاً کسی عورت کو صرف اس بنا پر مزید اسکریننگ کے لئے منتخب کرنا کہ اس کے بال پردے میں ہیں یا وہ نعوب پہنتی پہنے ہوئی ہے، جیسا کہ بعض مسلمان عورتیں کرتی ہیں، غیر قانونی امتیاز ہے۔ کسی مرد کو صرف اس بنا پر مزید اسکریننگ کے لئے منتخب کرنا کہ اس کی داڑھی لمبی ہے، یا بال ڈھانپے ہوئے ہیں، جیسے بعض مسلمان رکھتے ہیں، غیر قانونی امتیاز ہے۔ اسی طرح کسی مرد کو صرف اس بنا پر مزید اسکریننگ کے لئے منتخب کرنا کہ وہ پگڑی باندھتا ہے، جیسے کہ بعض سکھ مرد کرتے ہیں، غیر قانونی امتیاز ہے۔ پگڑی باندھے ہوئے ہے جیسا کہ بعض سکھ مردوں اور عورتوں کے ذریعہ کیا جاتا ہے، غیر قانونی امتیاز ہے۔

- افراد کو یا ان کے سامان کو جہاز میں جگہ دینے سے صرف اس وجہ سے روکنا، یا جہاز سے اتارنا جہاز میں سوار ہونے سے روکنا یا اس سے اتارنا نہیں چاہئے کہ وہ عرب، مشرق وسطیٰ، یا جنوب مشرقی نسل کے اور/ یا مسلمان یا سکھ ہیں؛ یا صرف اس لئے کہ وہ عربی، فارسی، یا دوسری غیر ملکی زبان بولتے ہیں؛ یا صرف اس لئے کہ ان کے بولنے کا لہجہ ایسا ہے جس سے ائر لائین یا ائرپورٹ عملے کو گمان ہو سکتا ہے کہ وہ عرب، مشرق وسطیٰ، یا جنوب مشرقی نسل کے اور/ یا مسلمان یا سکھ ہیں ہیں۔

**سوال: ائرپورٹ پر سیکورٹی اسکریننگ سے گزرتے ہوئے مجھے کیا توقع رکھنی چاہئے؟**

- سفر کرنے والوں کی حفاظت کے لئے چیک اِن کرتے وقت مسافروں کے ناموں کا موازنہ ایف بی آئی کی واچ لسٹ سے کیا جا سکتا ہے۔

- مسافروں اور ان کے ساتھ رکھنے والے سامان میں پائے گئے چاقو ضبط کئے جائیں گے، اور گراؤنڈ سیکورٹی آفیسر اور/ یا نفاذ قانون کے کوارڈینیٹر کو مطلع کیا جا سکتا ہے۔ اسکریننگ کے دوران پائے گئے کرپان بھی ضبط کئے جائیں گے، اگر وہ چیک کئے گئے سامان میں نہ رکھے گئے ہوں، یا انہیں کوئی ایسا شخص اپنے ساتھ نہ لے جائے جو محفوظ احاطے میں جانے والا نہ ہو۔

- اسکریننگ کے چیک پوائنٹ سے گزرتے وقت بعض مسافروں کو بلاتخصیص چیکنگ کے لئے منتخب کیا جائے گا۔ایزادی چیکنگ اکثر دستی میٹل ڈِٹیکٹر اور تھپک کر تلاشی لینے پر مشتمل ہوتی ہے،اور اگر ابتدائی تلاشی سے کسی ممنوعہ شے کے پوشیدہ رکھنے کا شبہ ہو تو یہ تلاشی اور بھی سخت ہوسکتی ہے۔

- میٹل ڈ،ٹیکٹر سے الارم کو متحرک کئے بنا نکلنے والے کسی فرد کو ایزادی اسکریننگ کے لئے منتخب کیا جاسکتا ہے،اگر اس فرد کو ٹھیک سے واقعی بلاتخصیص منتخب کیا جائے۔اسی طرح جب ایک پگڑی پہنے ہوئے سکھ میٹل ڈِٹیکٹر سے الارم کو متحرک کئے بغیر نکل جائے،اس سکھ کو ایزادی اسکریننگ کے لئے منتخب کیا جاسکتا ہے اگر اس سکھ کو ٹھیک سے واقعی بلاتخصیص منتخب کیا جائے۔

- میٹل ڈِٹیکٹر سے گزرتے ہوئے الارم کو متحرک کرنے والے مسافر اگر چیکنگ پوائنٹ سے آگے جانا چاہیں تو ان کو دستی میٹل ڈِٹیکٹر کے ذریعے ایزادی چیکنگ کا سامنا کرنا ہوگا۔جہاں دستی میٹل ڈِٹیکٹر مہیا نہ ہو،مسافروں کو ہاتھ سے تھپک کر اس بات کا اطمینان کیا جائے گا کہ وہ کوئی ممنوعہ شے لے کر تو نہیں جا رہے ہیں۔اسی طرح جب پگڑی باندھے ہوئے ایک سکھ میٹل ڈِٹیکٹر سے نکل رہا ہو اور الارم بج اٹھے تو اسکریز کو دستی میٹل ڈِٹیکٹر،جہاں وہ مہیا ہو،اس کی پگڑی کے گرد لے جانا چاہئے تاکہ پتہ چلے کہ اس میں کوئی ممنوعہ شے چھپی ہوئی تو نہیں ہے۔

- جن مسافروں کے سر دستی میٹل ڈِٹیکٹر کو متحرک کردیں تو انہیں جسم کو تھپکنے اور بالوں کے اندر جھانکنے کا سامنا کرنا ہوگا دستی طور پر ان کے جسم اور بالوں کی تلاشی لی جائے گی اگر وہ اسکریز چیک پوائنٹ سے آگے جانا چاہیں۔اسی طرح،جب ایک پگڑی پہننے والے سکھ کے سر کے قریب یا اوپر دستی میٹل ڈِٹیکٹر کا الارم متحرک ہوجائے،تب پگڑی اور بالوں کی تلاشی ہاتھ سے لینا لازمی ہے اگر وہ سکھ اسکریننگ چیک پوائنٹ سے آگے جانا چاہے۔اسکریننگ عملے کو فرد کے جسم یا پوشاک،خصوصاً سکھ کے بال یا سکھ کی پگڑی کو چھونے سے پہلے اس کی اجازت لینی چاہئے۔

- ان وقعات میں جہاں تھپکنے سے اندازہ ہوجائے کہ کوئی ممنوعہ شے پوشیدہ ہوسکتی ہے،یا جہاں تھپکنے سی ہی کافی اطمینان نہیں ہوسکتا ہے وہاں،اگر وہ مسافر چیک پوائنٹ سے آگے جانا چاہے تو،اس کی ایزادی تفصیلی تلاشی لے جائے گی۔اسی طرح جب پگڑی پہنے ہوئے سکھ کے سر کو تھپکنے سے اندازہ ہوجائے کہ اس کے بالوں میں کوئی ممنوعہ شے پوشیدہ ہوسکتی ہے،یا تھپکنے سے اس بارے میں کافی اطمینان نہ ہوسکتا ہو،تو سکھ کی پگڑی کی تلاشی لی جانی چاہئے،اگر وہ سکھ چیک پوائنٹ سے آگے جانا چاہے۔ایک اور بات،اسکریننگ عملے کو فرد کے جسم یا پوشاک،خصوصاً سکھ کے بال یا سکھ کی پگڑی کو چھونے سے پہلے اس کی اجازت لینی چاہئے۔

- اگر حفاظتی یا سیکورٹی وجوہات کی بنا پر تلاشی یا انسپکشن میں پوشاک اتارنا ضروری ہو،تو اسکریز کو چاہئے کہ وہ اس شخص کو انتخاب کرنے کا اختیار دے کہ کیا تلاشی سرِعام ہونی چاہئے یا پرائیویٹ طور پر۔پرائیویٹ تلاشی کو خصوصی طور ڈرانے دھمکانے کی کاروائی سمجھا جاسکتا ہے،اور سر،عام تلاشی کو توہین آمیز،یا اس سے کسی کے مذہبی عقائد کی خلاف ورزی ہوسکتی ہے۔مثلاً،ایک مسلمان عورت کا نعوب اس کے شوہر کے بغیر علاوہ کسی دوسرے مرد کے سامنے ہٹانے کا عمل اس کے مذہبی عقیدے کی خلاف ورزی ہوگا۔اسی طرح سکھ کی پگڑی اس کا ایک مذہبی نشان وِایمان ہے،اور برسرِعام تلاشی سکھ کے لئے بے حد پریشانی اور خوف کا باعث ہوسکتی ہے۔پرائیویٹ طور تلاشی لینے کے بعد سکھ کو پھر سے پگڑی باندھنے کے لئے آئینہ دینا چاہئے۔

- جن مسافروں کا انتخاب کمپیوٹر اسسٹد پسینجر پری اسکریننگ سسٹم،(سی اے پی پی ایس ([CAPPS])) کے ذریعہ ہوا ہو،اور وہ جن کا انتخاب کمپیوٹر کے ذریعے بلاتخصیص ہوا ہو،انہیں بورڈنگ گیٹ پر ایزادی چیکنگ کا سامنا ہوگا،اور ان کا چیک کیا گیا سامان بھی مزید سیکورٹی تقاضوں کے تحت آئے گا۔ ڈپارٹمنٹ آف جسٹس نے سی اے پی پی ایس انتخاب کے معیاروں کا جائزہ لیا ہے تاکہ مسافروں کا انتخاب بلاامتیاز ہو اور اس کا دارومدار نسل،رنگ،مذہب،نژاد،یا قومی بنیاد پر مبنی مسافروں کی ناجائز نشان دہی نہ ہو۔ایزادی اسکریننگ

ساتھ رکھے جانیوالی جانے والی اشیاء کی تلاشی اور دستی میٹل ڈیٹیکٹر اور تھپک کر اور فرد کی دستی میٹل ڈیٹیکٹر کے ذریعہ اور تھپک کر لی جانے والی تلاشی پر مشتمل ہوگی۔ اگر ابتدائی تلاشی سے شبہ ہو کہ کوئی غیر قانونی شے چھپائی ہوسکتی ہے تو تلاشی شدید ہوسکتی ہے۔

سوال: اسکریننگ کرنے والے یہ کیسے طے کرتے ہیں کہ ایزادی اسکریننگ مناسب ہے؟

- کسی شخص یا جائداد کو حفاظتی یا سیکورٹی کے حوالے سے خطرناک قرار دینے کے لئے تمام بدستور حقائق اور حالات کو سامنے رکھ کر فیصلہ کرنا چاہئے۔ اگر چہ اسکریننگ کرنے والوں کی کاروائی کئی دفعہ متاثرہ اشخاص کو ناگوار ہو لگ سکتی ہیں، حفاظتی اور سیکورٹی کے لئے اسکریننگ کرنے والے کئی صورتوں میں ایزادی باز پرس، انسپکشن، یا تلاشی کرنے میں حق بجانب ہو سکتے ہیں؛ مثلاً: ائرپورٹ سیکورٹی چیک پوائنٹ پر تلاشی لینے کے دوران، پگڑی پہنے یا سر کو ڈھانپ کر رکھنے والے کسی شخص کے سر کے قریب دستی میٹل ڈیٹیکٹر کا الارم بج اٹھا۔ یا ایک نعوب پوش عورت اپنی شناخت کے ثبوت میں فوٹو دکھاتی ہے لیکن اس کا منہ دیکھے بغیر یہ طے کرنا مشکل ہے کہ کیا یہ وہی عورت ہے جس کا یہ فوٹو ہے۔ جب نعوب پوش عورت کی شناخت کی تصدیق ضروری ہو، تو جہاں تک ممکن ہو اس کا چہرہ خواتین سیکورٹی کے عملے کو ہی پرائیویٹ طور پر یا صرف دوسری عورتوں کے سامنے دیکھنا چاہئے تا کہ اس کے مذہبی عقائد کی خلاف ورزی نہ ہو۔

- ائرلائن اور ائرپورٹ عملے کو اپنی کاروائیوں کا جواز پرکھنے کے لئے ''قطع نعم'' ٹیسٹ استعمال کرنا چاہئے۔ اس شخص کی مفروضہ نسل، نژادی ورثہ یا مذہبی میلان سے قطعِ نعم، کیا میں اس شخص کو ایزادی حفاظتی اور سیکیورٹی کے معائنہ کا سامنا کراتا؟ اگر جواب ہو ''نہیں''، تو یہ کارروائی انکے نی شہری حقوق کے منافی ہوسکتی ہے۔

سوال: اگر میں سمجھوں کہ میرے حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو میں کیا کرسکتا ہوں؟

- عام لوگ، جن کا خیال ہو کہ ان کے ساتھ ائر کیریرز کے ہاتھوں امتیازی کاروئی یا سلوک ہوا ہے وہ ای میل، خط، یا مکمل کردہ شکایت کے فارم کے ذریعہ ایوی ایشن کنزیومر پروٹیکشن ڈویژن (ACPD) کے پاس شکایت دائر کرسکتے ہیں۔ اے سی پی ڈی کا ای میل ایڈریس ہے airconsumer@ost.dot.gov اور ان کا ڈاک کا پتا ہے Aviation Consumer Protection Division, U.S. Department of Transportation, Room 4107, C-75, Washington, DC 20590۔ صارفین کے ڈاؤن لوڈ یا پرنٹ کرنے کے لئے شکایت کے فارم http://airconsumer.ost.dot.gov/forms.htm سائٹ پر دستیاب ہیں۔

آفس آف اسسٹنٹ جنرل کونسل فار اوی ایشن اینفورسمنٹ اینڈ پروسیڈنگز اور اس کی کنزیومر پروٹیکشن ڈویژن کا کے ذریعہ 03/27/2002 کو شایع شائع کردہ اور 04/08/2002 اور 07-26-2002 کا کو ترمیم کردہ۔

بلاتخصیص جانچ پڑتال کے علاوہ کسی شخص کی اس صورت میں اضافی جانچ پڑتال بھی کی جائے گی اور اگر وہ مشکوک رویے کا اظہار کرتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر حفاظتی عملہ کسی فرد کو اپنے جوتے میں کوئی تیز دھار والی چیز رکھتے ہوئے دیکھے اور اگر وہ فرد میٹل ڈیٹیکٹر سے ہو کر گزرنے کے لئے آگے بڑھے اور میٹل ڈیٹیکٹر کو متحرک کئے بغیر اس سے ہو کر گذر جائے تو اس صورت میں بھی حفاظتی عملے کو چاہئے کہ وہ اس کے جوتے کی تلاشی لے۔